سوال

ایسی ٹوپی جس پر کسی جاندار کی تصویر بنی ہو اس میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے ؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسا لباس پہننا جائز نہیں ہے جس پر کسی انسان یا حیوان کی تصویر بنی ہو۔

سیدنا ابو طلحہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

لَاتَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةٌ (صحیح البخاري، بدء الخلق : 3226، صحیح مسلم، اللباس والزینۃ : 2106)

فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا ہو نہ (اس گھر میں جس میں) کوئی تصویر ہو۔

1. اس لیے نماز کی حالت میں یا عام حالات میں ایسی ٹوپی پہننا جس میں کسی جاندار کی تصویر بنی ہو حرام ہے۔ اگر کوئی شخص ایسی ٹوپی پہن کر نماز پڑھ لیتا ہے تو اس کی نماز صحیح ہوگی، لیکن وہ گناہ گار ہوگا۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی	فضیلۃ الشیخ عبد الخالق حفظہ اللہ